**گورنر KATHY HOCHUL** فوری ریلیز کے لیے: 3/11/2022

## گورنر HOCHUL نے جینسی ویلی گرین وے ریاستی پارک کی 6.5$ ملین بحالی کی تکمیل کا اعلان کیا ہے

### پروجیکٹ راچسٹر سے ایون تک 17 میل کے ٹریک کو بہتر بنانا ہے

### Ralph W. Wilson Jr. فاؤنڈیشن کی جانب سے نجی معاونت 90 میل تفریحی اثاثے میں اضافہ کرتی ہے

**تصاویر یہاں ملاحظہ کریں**

گورنر Kathy Hochul نے آج راچسٹر سے ایون کے گاؤں تک جینسی ویلی گرین وے ریاستی پارک کو بہتر بنانے کے لیے 6.5$ ملین کے پروجیکٹ کی تکمیل کا اعلان کیا ہے۔ گرین وے کے شمالی کنارے پر 17 میل مسلسل زمینی حصے کی بحالی کے لیے ریاستی و وفاقی فنڈنگ کے علاوہ، غیر مناقع بخش Ralph C. Wilson, Jr. فاؤنڈیشن کی جانب سے 2.5$ ملین گرانٹ سے معاونت دی گئی تھی، جو کہ 2014 میں بفلو بلز کے سابق مالک کی موت کے بعد تخلیق کی گئی تھی

"تاریخی جینسی ویلی گرین وے ریاستی پارک میں ان ترقیاتی کاموں سے مزید رہائشیوں اور سیاحوں کو خوبصورت مناظر کے حامل ٹریلز، جنگلی علاقوں، تنگ راستوں، اور تاریخی گاؤں کو دریافت کرنے کا موقع ملے گا جو اس کو نیویارک میں لازمی سیاحتی مقام بنا دیتے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "مرحوم Ralph C. Wilson, Jr. کا جذبہ فیض بخش انسانی فلاح و بہبود کی کوششوں کے ذریعے زندہ ہے جو تفریحی مواقع بڑھاتی ہے اور سیاحت کو فروغ دیتی ہیں۔ ہم اپنے تمام شراکت داروں کے مشکور ہیں کہ جنہوں نے مل کر ایک ایسا راستہ ہموار کرنے کی کوشش کی کہ جس کی مثال پورے مغربی نیویارک میں نہیں ملتی۔"

ترقیاتی کاموں میں نئی بجری سے سطح کو دوبارہ ہموار کرنا، بنیادی ڈھانچے کی درستگیاں اور راچسٹر میں بیلنٹائن روڈ سے لیونگسٹن کاؤنٹی میں ایون گاؤں کے روٹ 5 تک سائن بورڈ لگانا شامل ہے۔ نہر سے تاریخی پتھر کے بلاکس کو شامل کرنے والی نئی خصوصیات شامل کی گئیں، جن میں بینچ، پکنک ٹیبلز، بائیک ریکس، ہارس ماؤنٹس، اور گیٹ وے اشارے شامل ہیں۔ Wilson فاؤنڈیشن گرانٹ کے علاوہ، اس پروجیکٹ میں سٹیٹ پارکس کیپٹل فنڈنگ کی مد میں 2.5$ ملین اور ریاست نیویارک محکمہ آمد و رفت ( New York State Department of Transportation) کی جانب سے فراہم کردہ 1.54$ ملین آمد و رفت متبادل پروگرام گرانٹ شامل ہیں۔

**ریاست نیویارک کے پارکس کے کمشنر Erik Kulleseid نے کہا،** "جینسی ویلی گرین وے ریاستی پارک پورے سال، کچی اور پکی سڑکوں پر، عوامی تفریح کے مواقع فراہم کرتا ہے، اور یہ ترقیاتی کام اسے سائیکل سواروں اور پیدل راہگیروں کے لیے پہلے سے کہیں زیادہ محفوظ اور خیر مقدمی بناتے ہیں۔ ہم Wilson فاؤنڈیشن کے ان ترقیاتی کاموں میں معاونت دینے کے لیے، نیز فرینڈز آف دی جینسی ویلی گرین وے، اور آج یہ جس صورت میں ہے اس میں ڈھالنے کے لیے ان کی انتھک کوششوں کے شکر گزار ہیں۔"

**Ralph C. Wilson, Jr. فاؤنڈیشن کے لیے پارکس اینڈ ٹریلز اقدام کے ڈائریکٹر، J.J. Tighe نے کہا،** "یہ پروجیکٹ ٹریل کی سطح کی دوبارہ ہمواری اور سائن بورڈ کی بہتریوں کے ذریعے ٹریل تک رسائی اور صارف کے

مجموعی تجربے کو بہتر بنائے گا نیز اس کا اشتراک کرنے والی کمیونٹیز کے درمیان دیرپا رابطہ قائم کرے گا۔ فرینڈز آف دی جینسی ویلی گرین وے اور ان کے شراکت دار جینسی ویلی گرین وے کے بیک وقت ایک میل، ایک پل اور ایک حصے کو بہتر بنا رہے ہیں۔ ہم اس دلکش علاقائی اثاثے کو بحال کرنے کے لیے فرینڈز آف دی جینسی ویلی گرین وے اور NYS پارکس کی معاونت پر پُرجوش ہیں۔ اس 17 میل کے لمبے زمینی راستے کے مکمل ہونے کے ساتھ ہم پورے 90 میل کے گرین وے کی طرف مسلسل پیش رفت کو دیکھ کر بہت پُرجوش ہیں جو راچسٹر شہر، لیچ ورتھ ریاستی پارک، الیگینی ریاستی پارک اور گرین وے کے اطراف میں موجود تمام کمیونٹیز کو مربوط کرے گا۔"

**ریاست نیویارک محکمہ آمد و رفت کی کمشنر Marie Therese Dominguez نے کہا،** "ریاست نیویارک محکمہ آمد و رفت میں ہمارا مشن ایک محفوظ، موثر، متوازن اور ماحول کے لحاظ سے درست آمد و رفت کا نظام فراہم کرنا ہے جو کمیونٹیز کو مربوط کرتا ہے، معیار زندگی کو بہتر بناتا ہے اور تمام صارفین تک رسائی میں اضافہ کرتا ہے۔ ہمیں جینسی ویلی گرین وے ریاستی پارک میں ان ترقیاتی کاموں میں معاونت دینے کے لیے دفتر برائے پارکس، تفریح اور تاریخی تحفظ (State Office of Parks, Recreation and Historic Preservation) کے ساتھ شراکت کرنے پر فخر ہے، جس سے پیدل راہگیروں اور سائیکل سواروں کے لیے اس شاندار کثیر الاستعمال ٹریل کا تجربہ کرنا اور ریاست نیویارک کے سب سے خوبصورت خطوں میں سے ایک کو دریافت کرنا آسان ہو جائے گا۔"

**ریاستی سینیٹر Patrick Gallivan نے کہا،** "ریاست نیویارک کو قدرت کی جانب سے ملک کے چند خوبصورت ترین پارکس اور پارک کے میدانوں سے نوازا گیا ہے۔ جینسی ویلی گرین وے ریاستی پارک میں کیے گئے ترقیاتی کام رہائشیوں اور مسافروں کے لیے تفریحی مواقع کو یکساں طور پر بڑھاتے ہیں۔ میں ولسن فاؤنڈیشن اور فرینڈز آف دی جینسی ویلی گرین وے کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ اس پروجیکٹ کو ممکن بنانے کے لیے انہوں نے ریاست نیویارک کے ساتھ کام کیا۔"

**ریاستی سینیٹر Edward Rath نے کہا،** "کمیونٹی کے لیے کی گئی سرمایہ کاریوں کو دیکھنا بہت خوش آئند ہے۔ ہمارے بوسیدہ بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانا ضروری ہے اور یہ اہم ہے۔"

**رکن اسمبلی Harry Bronson نے کہا،** "کمیونٹی کی تشکیل میں سبزہ زار اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ بالائی ریاست نیویارک کے باشندے چاروں موسموں سے لطف اندوز ہوتے ہیں اور اس طرح کی سرمایہ کاریاں براہ راست ہمارے خاندانوں اور بچوں کو خدمات مہیا کرتی ہیں۔ Ralph C. Wilson, Jr. فاؤنڈیشن اور وفاقی حکومت کا، اس خوبصورت پروجیکٹ کو فنڈ دینے کے لیے ریاست نیویارک کے ساتھ شراکت داری کرنے پر شکریہ۔ سائیکل سوار، دوڑنے والے، پیدل راہگیر، سنو شورز اور بہت سے افراد آنے والے سالوں تک ہمارے علاقے میں اس راستے کو استعمال کر سکیں گے۔"

**رکن اسمبلی Marjorie Byrnes نے کہا،** "گرین وے ہمارے خطے کا شاندار اثاثہ ہے۔ یہ صحت مندانہ بیرونی تفریح کی بہترین مثال ہے۔ میں اور میرا کتا اکثر اس گرین وے پر چہل قدمی کرتے ہیں۔ ترقیاتی کام آنے والی نسلوں کے لیے اس مقامی اثاثے سے لطف اندوز ہونا یقینی بنائیں گے۔"

**اسکاٹس ویل گاؤں کی میئر Maggie Ridge نے کہا،** "یہ مجھے ہمیشہ حیران کرتا ہے کہ وقت، توانائی، جذبے اور کچھ فنڈنگ کی سرمایہ کاری سے کیا کچھ ہو سکتا ہے۔ باصلاحیت وسائل کی بدولت ثمر آور بنائی گئی، یہ ٹریل واقعی اسکاٹس ویل میں ایک جوہر ہے اور آنے والے کئی سالوں کے لیے رہے گا۔"

**فرینڈز آف دی جینسی ویلی گرین وے کی صدر Joan Schumaker نے کہا،** "فرینڈز آف دی جینسی ویلی گرین وے پچھلے 30 سالوں سے اس تبدیلی کے پروجیکٹ کے ذریعے ٹریل کی سطح کی دوبارہ ہمواری، بنیادی ڈھانچے میں بہتریوں، اور فروغ پذیریوں کے منتظر تھے۔ ہم پہلے ہی بڑی تعداد میں سیاحوں اور مقامی رہائشیوں کی جانب سے نئی بہتر شدہ ٹریل کے استعمال اور ان کی ستائش کا مشاہدہ کر رہے ہیں۔ جیسے ہی ٹریل کے صارفین GVG ریاستی پارک کے امپائر سٹیٹ ٹریل اور دیگر ایریا ٹریلز سے مربوط ہونے کے بارے میں آگاہ ہوں گے تو ہم تب بھی اس عمل کے جاری رہنے کی توقع رکھتے ہیں۔ اچھے کام کرنے کے لیے سب کا شکریہ۔"

**Dylan Carey، نیویارک کے پارکس اینڈ ٹریلز کے لیے گرین وے پروگرام کے ڈائریکٹر نے کہا،** "سطح کی دوبارہ ہمواری کے اس پروجیکٹ کی تکمیل جینسی ویلی گرین وے کی 30 سالہ تاریخ میں ایک اور سنگ میل ہے، اور گرین وے کو امپائر سٹیٹ ٹریل اور جاذب نظر جینسی ویلی ٹریل ٹاؤن کمیونٹیز کے درمیان ایک اہم رابطے کے طور پر کام جاری رکھنے میں مدد دے گا۔ ہم OPRHP اور Ralph C. Wilson Jr. فاؤنڈیشن کا، نیویارک کے گرین وے ٹریل نیٹ ورک میں مسلسل سرمایہ کاری کے لیے شکریہ ادا کرتے ہیں۔"

کثیر الاستعمال، مکمل ٹریل مونرو کاؤنٹی سے کیٹاروگس کاؤنٹی تک 90 میل طویل ہے۔ یہ جینسی ویلی کینال اور پنسلوانیا ریل روڈ راچسٹر برانچ کے روٹ کی پیروی کرتی ہے، ریاست نیویارک $6.25 ملین کے "جینسی ویلی گرین وے برجز آف ایلیگنی کاؤنٹی" پروجیکٹ میں پیش رفت کر رہی ہے، جس کی مالی اعانت Ralph C. Wilson, Jr. فاؤنڈیشن کی اضافی $1.25 ملین گرانٹ اور $5 ملین آمد و رفت معاونتی پروگرام گرانٹ کی جانب سے کی گئی ہے۔ اس پروجیکٹ میں چار پلوں کی تعمیر اور سات کمیونٹیز کو مربوط کرنے والے ٹریل کا 22 میل لمبا متواتر ٹریل روٹ فراہم کرنے کے لیے سطح کی دوبارہ ہمواری شامل ہے: پورٹیج ویل، راس برگ، فلمور، ہیوٹن، کینیڈیا، اُرامیل، اور بیلفاسٹ۔ مزید برآں، ٹریل کے جنوبی سرے پر 17 میل کے سابق ریل کوریڈور کا حالیہ حصول ٹریل میں موجود گڑھوں کو بند کرنے اور گردونواح کی کمیونٹیز کے لیے انتہائی ضروری رابطے پیدا کرنے کے مواقع پیدا کرے گا۔

ریاست نیویارک کا دفتر برائے پارکس، تفریح اور تاریخی تحفظ 250 سے زائد پارکس، تاریخی مقامات، تفریحی ٹریلز، گالف کورسز، کشتی کے لانچز اور مزید چیزوں کی نگرانی کرتا ہے، جہاں 2020 میں ریکارڈ 78 ملین سے زائد لوگ سیر کرنے آئے تھے۔ ان تفریحی علاقوں میں سے کسی کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، 518-474-0456 پر کال کریں یا www.parks.ny.gov ملاحظہ کریں، Facebook پر ہمارے ساتھ مربوط ہوں، یا Twitter، Instagram یا ریاستی پارکس بلاگ پر فالو کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418